16/07/2025

12.30 PM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے -

اب آپ **اعجازہ اختر** سے خبریں سُنئے

**وزیر اعلیٰ**

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے بون اینڈ جوائنٹ اسپتال سرینگر میں 120 بستروں پر مشتمل اِضافی بلاک کا اِفتتاح کیا ۔ وزیر اعلیٰ نے اِفتتاح کے بعد آپریشن تھیٹرز، ریمپ اور وارڈس کا معائینہ کیا اور اسپتال کے عملے اور فیکلٹی ممبران سے صحت کے کلیدی نکات پر بات چیت کی۔

**جاوید احمد ڈار**

کابینہ وزیر جاوید احمد ڈار نے بال تل بیس کیمپ میں صفائی ستھرائی اور حفظان صحت کو نمائش کا افتتاح کیا۔ ڈائریکٹوریٹ آف رورل سینٹیشن Waste to Wealth تقویت بخشنے کی خاطر نے سالڈ ویسٹ منیجمنٹ کے Enterpreneurs میں مقامی Exhibitionجموں کشمیر کے اہتمام اس کئی کار گر ماڈلز کی نمائش کی -

**جاوید احمد رانا**

جنگلات وماحولیات کے وزیر جاوید احمد رانا نے سول سیکرٹریٹ سرینگر میں جموں و کشمیر فارسٹ ڈیولپمنٹ کارپوریشن کے کام کاج کا جائزہ لیا۔میٹنگ کا مقصد کارپوریشن کی عملی سرگرمیوں کو
مو

---

ثر اور منظم بنانا تھا۔وزیر موصوف نے افسران کو ہدایت دی کہ وہ لکڑی اور بالن کی نیلامی ﺔ منظم طریقے پر انجام دیں ۔ انہوں نے لکڑی اور بالن کی فروخت سے حاصل شدہ آمدنی سے مقامی آبادی کی ضروریات پورا کرنے کی اہمیت پر زور دیا۔

**کپواڑہ**

ضلع ترقیاتی کونسل کپواڑہ کے چیئرمین عرفان سلطان پنڈتپوری نے کونسل کی میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے ڈسٹرکٹ کیپیکس بجٹ 2025-26 کے تحت مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کی پیشرفت کا جائزہ لیا۔ اس موقعہ پر کونسل ممبران نے اپنے اپنے علاقوں کے موجودہ مسائل کو کی قلت کا معاملہ سر فہرست رہا ۔ میٹنگ میں ڈپٹی BDO's چیر مین کی نوٹس میں لایا جس میں کمشنر کپواڑہ آیوشی سدن نے شرکت کی۔

**وارتا**

وزارت اطلاعات و نشریات،حکومت ہند کی جانب سے آج محکمئہ اطلاعات کشمیر کے آڈیٹوریم میں "وارتا" عنوان کے تحت مقامی میڈیا نمائندوں کے ساتھ ایک نٹریکٹیو سیشن کا انعقاد کیا گیا۔ ڈائریکٹر انفارمیشن کشمیر نتیش راجورا نے "وارتا" کا افتتاح کیا جس کا مقصد پچھلے دس سال کے دوران صحت اور زراعت کے شعبوں میں حاصل کی گئی پیشرفت اور اس سلسلے میں مرکزی سرکار کی جانب سے کئے گئے اقدامات سے متعلق جانکاری پیدا کرنا تھا۔

**چیف سیکرٹری**

قبائلی فلاح و بہبود اور ترقی کو یقینی بنانے کے لئے چیف سیکرٹری اَٹل ڈلو نے ایک میٹنگ کے دوران"دھرتی آبا جن جاتیہ گرام اتکرش ابھیان " اور "آدی کرمہ یوگی ابھیان" کی عمل آوری کا تفصیلی جائزہ لیا۔میٹنگ کے دوران چیف سیکرٹری نے مقامی اَفسروں اور کمیونٹی ریسورس پرسنزکی صلاحیت سازی پر زور دیا تاکہ قبائلی طبقے کے لوگوں تک خدمات کی فراہمی کو موثر بنایا جا سکے۔ اُنہوں نے اَفسروں پر زور دیا کہ وہ زمینی حقائق سے جُڑے رہیں اور متعلقہ محکموں کے ساتھ مربوط انداز میں مقامی مسائل کو حل کریں۔میٹنگ کے دوران مرکز میں قبائلی امور وزارت کے سیکرٹری Vibhu Nayar - بھی موجود تھے

**ڈپٹی کمشنر کولگام**

ڈپٹی کمشنر کولگام اطہر عامر خان نے ایک میٹنگ کے دوران ضلع میں شروع ہونے والی مہم ٹیچنگ ایٹ رائٹ لیول کی تیاریوں کا جائزہ لیا ۔ یہ مہم پرتھم فاو

نڈیشن کے تعاون سے 458 پرائمری اور مڈل اسکولوں میں عملائی جائے گی جس کے توسط ۓ سے طالب علموں کی علمی مہارتوں کی تشخیص کے ساتھ ساتھ اساتذہ کی صلاحیت سازی سے جڑے پروگرام انجام دئے جائیں گے ۔

**پلوامہ**

اور Supervisors ضلع انتظامیہ پلوامہ نے ضلع کے
ہو

---

تھ لیول آفسرز کی تربیت کے لئے دو روزہ پروگرام کا انعقاد کیا ۔ اس دوران تربیت پانے والے ¾ اہلکاروں پر زور دیا گیا کہ وہ انتخابی عمل کے دوران چناو کمشن کے سہولت کاروں کی رو سے اپنے فرائض انجام دیں تاکہ چناو کا عمل شفاف طریقے پر منعقد ہو سکے ۔

**دن**

آج پورے ملک میں مصنوعی ذہانت کی پزیرائی کا دن منایا جارہا ہے۔ یہ دن مصنوعی ذہانت کے شعبے میں بھارت کے بڑھتے ہوئے عالمی کردار کی عکاسی کرتا ہے۔ حیدرآباد اور بنگلورو جیسے ٹیکنالوجی کے مراکز سے دیہی علاقوں تک مصنوعی ذہانت، حفظانِ صحت، تعلیم، زراعت، حکمرانی اور صنعتی اداروں میں تبدیلی کا محرک ثابت ہو رہا ہے۔ آج بھارت مصنوعی ذہانت کے شعبے میں عالمی سطح پر قائدانہ رول ادا کر رہا ہے۔

**یاترا**

سالانہ شری امر ناتھ جی یاترا آج بارش کے باوجود دونوں راستوں سے جاری ہے۔ آج دوپہر 12بجے تک مزید 5 ہزار 294 یاتریوں نے پوتر گپھا میں حاضری دے کر شیو لنگم کے درشن کئے۔ اس طرح سے مجموعی طور پر درشن کرنے والوں کی تعدادتقریباً دو لاکھ 39 ہزار 294 ہو گئی ہے ۔ اسی دوران جموں کے بھگوتی نگر بیس کیمپ سے آج مزید 6ہزار64 یاتر یوں کے ایک اور قافلے کو وادی کی طرف روانہ کیا گیا ۔

**UIDAI**

UIDAI نے والدین پر زور دیا ہے کہ وہ سات سال یا اس سے زائد عمر کے بچوں کیلئے لازمی بایومیٹرک اپ ڈیٹ کا عمل مکمل کریں۔الیکٹرانکس اینڈ انفارمیشن ٹیکنالوجی کی وزارت نے کہا ہے کہ اگر اس عمل کو پانچ سے سات سال کی عمر کے درمیان مکمل کیا جائے تو اس کے لئے

کوئی فیس درکار نہیں ہو گی ۔ موجودہ ضابطوں کے مطابق سات سال کی عمر کے بعد اگر لازمی بایومیٹرک اپ ڈیٹ نہیں کیا جاتا ہے تو آدھار نمبر غیر فعال قرار دیا جا سکتا ہے۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ